سوال

(923) نوکروں اورڈرائیورسے پردہ کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا بہن کےلیے جائز ہے کہ کھلی پنڈلیوں گلے اور بازوؤں سے اپنے بھائی کے سامنے آجائے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت اپنے محرم مردوں اور میل جول کی عورتوں کے سامنے سوائے چند اعضائے زینت کے اور کچھ نہیں ظاہر کر سکتی۔ ان رشتوں کا ذکر اللہ تعالیٰ نے سورۃ النور کی آیت 31 میں فرمایا ہے: وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ اور زینت کے اعضاء جو وہ ظاہر کر سکتی ہے یہ ہیں: سر، گردن جہاں ہار پہنا جاتا ہے، کلائیاں جہاں کنگن ڈالے جاتے ہیں، یا بازو بند کی جگہ، ایسے ہی پاؤں اور پازیب پہننے کی جگہ۔ صرف یہی اعضاء اور مقامات ہیں جو کوئی عورت اپنے محرم مردوں اور میل جول کی عورتوں کے سامنے ظاہر کر سکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 653

محدث فتویٰ